18/03/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اعجازہ اختر خبروں کا بلٹن لیکر میں

ایران

مغربی ایشیاءمینجاری جنگ میں مزید شدت آگئی ہے۔ اسرائیلی فوج نے ایران کی فوج کے بنیادی ڈھانچوں پر بڑی کارروائی کئے جانے کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کی سپریم نیشنل نیم فوجی فورسز کے کمانڈر ان حملوں Basij سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری علی لاریجانی اور میں مارے جا چکے ہیں۔

وزیراعظم

اس دوران وزیر اعظم نریندرمودی نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائدالنہیان کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کرکے مغربی ایشیاءکی موجودہ صورتحال پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔وزیرا عظم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ انہوننے تمام حملوں کی مذمت کے بھارت کے موقف کا اعادہ کیا۔انہوننے کہاکہ دونوں ملکوں نے خطے میں امن و امان کی بحالی کیلئے مل کر کام کرنے کا اعادہ کیا۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کوئی بھی شخص یا گروہ جمونو کشمیر میں امن اور امن قانون کی صورتحال کےلئے یا معصوم شہریوں کی سلامتی کےلئے خطرہ بنے گا، کو بہت بڑی قیمت اُٹھا نا پڑے گی۔

ریاسی ضلع کے تلواڑہ میں Subsidary Traning Center میں کانسٹیبلوں کی پاسنگ آوٹ پریڈ سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ اس طرح کے عناصر کے خلاف سختی سے نپٹا جائے گا۔ انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر پولیس یوٹی میں امن و قان اور استحکام برقرار دکھنے کےلئے وعدہ بند ہے۔

تقریب پر ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

وزیرا علیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ ہمیں جہاں تقویٰ اور پرہیز گاری اختیار کرنے کی ترغیب دیتاہے ، وہیں یہ مہینہ ہمیں روا داری، بھائی چارے اور دوسروں کی مدد کرنے کا درس بھی دیتاہے۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے کل سرینگرمیں SKICC ایک افطارپارٹی کے دوران کیا،جس کا اہتمام انہوننے خود کیا تھا۔ انہوں نے جمونکشمیر کے عوام کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی خوشحالی کیلئے دعا کی۔

افطار پارٹی میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزراءسکینہ ایتو، جاوید احمد ڈار، ستیش شرما ، وزیرا علیٰ کے مشیرناصر اسلم وانی ، ارکان قانون سازیہ،سول و پولیس انتظامیہ کے اعلیٰ حکام ، سول سوسائٹی ممبران، مذہبی سکالر ، میڈیا سے وابستہ شخصیات اور سماج کے مختلف طبقونسے تعلق رکھنے والی دیگرکئی شخصیا ت نے بھی شرکت کی۔

وقف بورڈ

جموں کشمیر وقف بورڈنے بانڈی پورہ ضلع کے سمبل علاقے میں وقف کی اراضی کو لیز پر دینے سے متعلق الزاما ت کو سختی سے مسترد کیا ہے ۔ بورڈ نے کہا ہے کہ اس ضمن میں جو طریقہ کاراختیار کیا گیا ، وہ حالیہ برسوں میں سب سے زیادہ شفاف اور آمدن بڑھانے والا ہے ۔

وقف بورڈ کے باغات سے وابستہ حکام کا کہنا ہے کہ سمبل منصوبہ ایک اہم ادارہ جاتی اصلاح ہے جس نے شفافیت ، مالیاتی احتیاط اور طویل مدتی اثاثہ جاتی بہتری کے علاوہ وقف املاک کے انتظام کیلئے ایک نیا معیار قائم کیا ہے ۔

مصنوعی ذہانت

دورِ جدیدمیں مصنوعی ذہانت نے مختلف شعبوں میں اپنے اثرات مرتب کئے ہیں۔ مصنوعی ذہانت کی افادیت کے بارے میں ویژن ڈیجیٹل انڈیا بنگلورو کے بانی چیرمین Dr. Hari Krishna Maram نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ خصوصی بات چیت کے دوران کہا۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کے Botony شعبے کے اہتمام سے ’’آنٹر پرنیور شپ تربیتی پروگرام ‘‘ اختتام پذیر ہوئے ہیں ، جن میں شرکاءکو تجارتی لحاظ سے اہم آرائشی پودوں کی نرسری، ان کا انتظام اور کشمیر میں مشروم کی کاشت اور اس کے تجارتی فروغ سے متعلق ضروری تربیت فراہم کی گئی۔

ایک ہفتے تک جاری رہنے والے ان پروگراموں کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلو فر خان نے کہا کہ مہارت پر مبنی تربیتی پروگرام تعلیم کے عمل کو کاروباری موقعوں سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کر تے ہیں۔

جتندر سنگھ

Sustainableسائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے کل نئی دلی میں10ویں Bussiness Future Summit سے خطاب کر تے ہوئے اختراعیت پر مبنی اور ماحولیات مواقف بنیادی ڈھانچے کو اہمیت کو اُجاگر کیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ7 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ